بسم اللہ الرحمن الرحیم

# جمعہ کا صرف ایک خطبہ پڑھا تو کیا جمعہ کی نماز ہو جائے گی؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

نماز جمعہ کے لیے ہم دو خطبے پڑھتے ہیں، تو اگر پہلے والا نہیں پڑھا اور دوسرا پڑھ لیا، تو کیا اس صورت میں جمعے نماز ہو جائے گی؟ رہنمائی فرما دیں۔

## جواب

جمعہ کے دو خطبے سنتِ متوارثہ ہیں، حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کا مبارک عمل یہی تھا اور امتِ مسلمہ کا آغاز سے لے کر اب تک یہی طریقہ رہا ہے۔ لہٰذا جمعہ کے دو خطبوں میں سے ایک خطبہ چھوڑ دینا، خلافِ سنت اور مکروہ (یعنی ناپسندیدہ عمل) ہے، البتہ! اس صورت میں نماز جمعہ ہو جائے گی۔

صحیح مسلم شریف میں ہے "عن جابر بن سمرة، قال: كانت للنبي صلى الله عليه وسلم خطبتان يجلس بينهما" ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم دو خطبے ارشاد فرماتے تھے، جن کے درمیان کچھ دیر بیٹھتے تھے۔ (صحیح مسلم، باب ذکر الخطبتین، ص 308، رقم الحدیث 862، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں ہے "(و) يسن (خطبتان) للتوارث إلى وقتنا۔۔۔(ويكره التطويل۔۔۔وترك شيء من السنن) التي بيناها" ترجمہ: (جمعہ میں) دو خطبے دینا سنت ہے، اس توارث (تواتر) کی وجہ سے، جو ہمارے زمانے تک چلا آرہا ہے، اور جو سنتیں ہم نے بیان کی ہیں، ان سنتوں میں سے کسی کو چھوڑنا مکروہ ہے۔ (مراقی الفلاح شرح نور الایضاح، صفحہ 267، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

ہدایہ میں ہے "ويخطب خطبتين يفصل بينهما بقعدة وبه جرى التوارث" ترجمہ: خطیب دو خطبے دے گا، جن کے درمیان بیٹھ کر فاصلہ کرے گا، اور اسی پر (امت کا) توارث چلا آرہا ہے۔

اس کے تحت بنایہ شرح ہدایہ میں ہے "يعني هكذا فعل النبي صلى الله عليه وسلم والأئمة من بعده إلى يومنا هذا۔۔۔ثم الخطبة الواحدة تجوز عندنا" ترجمہ: یعنی اسی طرح نبی مکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے عمل فرمایا ہے اور آپ علیہ الصلوۃ و السلام کے بعد آج کے دور تک کے ائمہ نے عمل فرمایا ہے اور (اس کے باوجود) ایک خطبہ دینا بھی کافی ہے۔ (البنایۃ شرح الہدایۃ، جلد 3، صفحہ 55، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا عبد الرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5315

تاریخ اجراء : 06 ربیع الاول 1448ھ / 20 اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net